
# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : عائشہ اسمٰعیل

تیسری جماعت کے لئے

# ہاتھی کا انڈا



کہانی : عمرانہ مقصود
تصویریں : فرح فرّخ

ٹیچر کیلئے نوٹ

- کہانی ''ہاتھی کا انڈا'' کو بچوں کے لئے انتہائی دلچسپ انداز میں پیش کیا گیا ہے۔ اس کہانی کے ذریعے بچوں میں تجسس اور غور و فکر کا عمل پیدا کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

یہ کہانی تیسری جماعت کے بچوں کے لئے لکھی گئی ہے۔ ٹیچر اگر چاہیں تو بچوں کی ذہنی سطح کے لحاظ سے اس میں رد و بدل کر سکتی ہیں۔

سب سے پہلے ٹیچر اس کتاب کا بغور مطالعہ کریں اور مختلف قسم کے جانوروں کے متعلق معلومات حاصل کریں۔ یہ معلومات اگر ٹیچر کمپیوٹر سے واقف ہیں تو اس سے حاصل کی جا سکتی ہے یا کوئی بھی ایسی کتاب انگلش یا اردو میں جو جانوروں پر لکھی گئی ہو جس میں جانوروں کو ان کی جسامت، ساخت اور رہنے سہنے کے حساب سے مختلف گروپس میں بانٹا گیا ہو۔ مثلاً ہاتھی ایک بہت بڑے سائز کا چوپایہ ہے۔ جنگلوں میں رہتا ہے اور تفریحی طور پر اسے چڑیا گھروں اور سرکس میں رکھا جاتا ہے۔ کیا وہ واقعی ایک درخت پر چڑھ کر چڑیا کے گھونسلے تک پہنچ سکتا ہے؟ بندر بھی ایک چوپایا ہے جو عموماً درختوں پر چھلانگیں لگا کر ایک جھنڈ کی صورت میں رہتا ہے۔ بھینس ایک سیاہ رنگ کا پالتو جانور ہے لیکن بہت معصوم عادات کی حامل ہے۔ مادہ بھینس سے انسانی ضروریات کے لئے دودھ حاصل کیا جاتا ہے۔ گرمی کے موسم میں اگر کہیں پانی کا تالاب یا پانی کا گڑھا موجود ہو تو بھینس کے لئے جنت سے کم نہیں۔

اسی طرح بکرے اور بکریاں بھی جنگلی اور پالتو دونوں طرح کے ہوتے ہیں۔

کچھوے کا شمار رینگنے والے جانوروں میں ہوتا ہے ان کی مختلف شکلیں ہوتی ہیں۔

جب ٹیچر ایک مرتبہ کتاب خود پڑھ کر اپنی معلومات مکمل سمجھ لیں اور زیادہ سمجھدار بچوں کے سوالوں کے جواب دینے کے لئے تیار ہوں تو پھر کتاب شروع کروائیں۔

## سیشن 1

10 منٹ

- ٹیچر بچوں کو کتاب ''ہاتھی کا انڈا'' پڑھ کر سنائیں۔ پھر 8-6 بچوں سے کتاب پڑھوائیں۔

| | |
|---|---|
| 10 منٹ | • ٹیچر بچوں سے پوچھیں:<br>• اس کتاب کا نام کیا ہے؟<br>• ان کے خیال میں کیا یہ نام صحیح ہے؟<br>• کیا ہاتھی انڈا دے سکتا ہے؟<br>• کیا کسی بچے نے ہاتھی کا انڈا دیکھا ہے؟ اگر دیکھا ہے یا کسی سے سنا ہے تو ہاتھ اٹھا کر بتائیں؟ (یقیناً کوئی بچہ ہاتھ نہیں اٹھائے گا۔ یعنی یہ غلط بات ہے) اب ٹیچر بچوں سے پوچھیں:<br>• ہاتھی کو دیکھنا ہو تو کہاں جائیں گے؟ (زیادہ تر بچے کہیں گے چڑیا گھر یعنی Zoo) انہیں بتائیں کہ سرکس میں بھی ہاتھی ہوتا ہے' یا پھر جنگل میں تو ہوتا ہی ہے۔ |
| 25 منٹ | • ٹیچر بچوں سے پوچھیں : کیا آپ میں سے کوئی کبھی چڑیا گھر گیا ہے؟ (کچھ بچے یقیناً ہاتھ اٹھائیں گے۔) اب آپ ان سے پوچھیں کہ:<br>• جب آپ چڑیا گھر گئے تھے تو کیا آپ نے ہاتھی پر بیٹھ کر سیر کی تھی؟<br>• اس کی شکل کی سب سے خاص خاص باتیں کیا ہیں؟ (ہاتھی کا سائز۔ اس کی سونڈ اور دانت)۔<br>• بچوں کو بتائیں کہ جانوروں میں جسامت کے لحاظ سے سب سے زیادہ بڑا اور بھاری بھرکم جانور ہاتھی ہے۔ چار بہت موٹے موٹے پیر۔ اس کی جسامت کے حساب سے دو بہت چھوٹی آنکھیں۔ پنکھوں کی طرح بڑے بڑے کان جن کو ہلا ہلا کر وہ اپنی مکھیاں بھی اڑاتا ہے۔ ایک بڑی سی سونڈ (trunk) اور اس کے دونوں طرف دو سفید بڑے بڑے دانت ہوتے ہیں جنہیں ہاتھی دانت کہتے ہیں۔ ہاتھی کی سب سے قیمتی چیز اس کے دانت ہوتے ہیں جس سے زیورات بھی بنائے جاتے ہیں۔ ہاتھی کے زور سے بولنے کو چنگھاڑنا کہتے ہیں۔ بچوں کو یہ بھی بتائیں کہ اس کے اوپر ایک چھوٹا کھٹولا (چھوٹا پلنگ) باندھا جاتا ہے۔ جس میں بچے بیٹھ کر چڑیا گھر کی سیر بھی کرتے ہیں۔ پرانے زمانے میں راجہ مہاراجہ اور نواب اپنی سواری کے لئے ہاتھی رکھتے تھے۔ ہاتھی کا پسندیدہ کھانا گنا ہے وہ ایک سبزی خور جانور ہے۔ اس کے جسم کی کھال ڈھیلی ڈھالی ہوتی ہے اور وہ آہستہ آہستہ چلتا ہے۔<br>• تمام معلومات دینے کے بعد بچوں سے کاپیاں نکلوائیں اور ان سے کہیں کہ وہ ایک ہاتھی کی تصویر بنائیں اور اسے اپنی پسند کا کوئی نام بھی دیں۔ ابھی آپ کو جو کچھ ہاتھی کے متعلق بتایا ہے اس میں |

سے کوئی سی بھی پانچ باتیں نیچے لکھیں۔

گھر کا کام

- کلاس کے چند بچوں سے میٹھے انڈے منگوائیں۔ (ٹوفیاں جن کے اوپر چینی اور اندر بادام ہوتے ہیں)۔
- مٹی کے پیالے، کچھ گھاس پھوس، تنکے، کاغذ، پنیاں بھی منگوائیں۔
- اگر کچھ بچے مٹی یا پلاسٹک کی چڑیا لا سکیں تو وہ بھی منگوالیں۔ اگلے دن کلاس میں چڑیا کا گھونسلا بنائیں گے۔

## سیشن 2

10 منٹ

- بچوں سے کتاب کھولنے کے لئے کہیں اور آج بھی 8-6 بچوں سے کلاس میں باآواز بلند سبق کی پڑھائی کر وائیں۔ خاص طور پر جو بچے نسبتاً اردو پڑھنے میں کمزور ہوں ان سے سبق کی پڑھائی کر وائیں۔ اگر کہیں بچے کو مدد کی ضرورت ہو تو ٹیچر ان کی مدد بھی کریں اور حوصلہ افزائی بھی۔

15 منٹ

- ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ کتاب کے صفحات پلٹ پلٹ کر تمام تصویریں ایک مرتبہ دیکھیں۔
- کیا ان تصویروں کے رنگ انہیں پسند آئے؟
- کون سی تصویر اس میں انہیں سب سے زیادہ اچھی لگی؟
- ان کا پسندیدہ جانور کون سا ہے؟
- کیا ان کے گھر میں کوئی پالتو جانور ہے؟
- اگر ہے تو وہ اس کا خیال کس طرح رکھتے ہیں؟
- اس کے بعد ایک دفعہ ٹیچر خود کتاب کو تاثرات کے ساتھ پڑھ کر سنائیں۔
- پہلے دن کی پڑھائی میں ہاتھی کے متعلق کافی باتیں ہوئی ہیں۔ آج چڑیا کے بارے میں بات چیت

کریں۔ ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ چڑیا کہاں رہتی ہے؟

- عموماً درختوں پر گھونسلہ بناتی ہے؟
- اس میں چڑیا اور چڑا مل کر ایک ایک تنکا ڈھونڈ کر لاتے ہیں اور بڑی صفائی اور خوبصورتی سے جماتے رہتے ہیں اور اپنا گھر مکمل کرتے ہیں۔
- جب سردیاں گزر جاتی ہیں اور فروری مارچ کا مہینہ آتا ہے تو چڑیاں انڈے دیتی ہیں۔
- عام طور پر انڈے چھوٹے چھوٹے اور دو ہوتے ہیں۔
- اب چڑیا اور چڑا باری باری کھانا ڈھونڈنے کے لئے گھومنے نکلتے ہیں اور جو گھونسلے میں رہ جاتا ہے وہ انڈوں کو اپنے پروں میں چھپا کر انہیں گرمی پہنچاتا ہے۔
- اس طرح تقریباً دو ہفتے گزر جاتے ہیں۔
- انڈے میں ایک ننھا منا چڑیا کا بچہ بننے لگتا ہے۔ (جو اپنے امی ابو کی شکل سے ملتا جلتا ہوتا ہے۔)
- پھر ایک دن وہ اندر سے ہی اپنی ننھی سی چونچ سے انڈے کا چھلکا توڑتا ہے اور تھوڑی دیر میں سوراخ اور بڑا ہو جاتا ہے۔ اس میں سے ننھی سی چڑیا یا چڑا نکل آتا ہے۔
- ابھی اس کو نہ اڑنا آتا ہے اور نہ کھانا کھا سکتا ہے۔
- اس کی امی اپنی چونچ سے اس کی چونچ میں کھانا ڈالتی ہیں اور چڑا اور چڑی باری باری اس کی حفاظت کرتے ہیں۔
- حفاظت کے دوران وہ گھونسلے کا پہرہ بھی دیتے ہیں تاکہ کوئی چیل یا کوا آکر ان کے بچے کو اٹھا کر نہ لے جائے یا کھا نہ جائے۔
- پھر ایک دن آتا ہے جب وہ بچہ بھی اپنی امی ابو کی طرح ہوا میں اڑنے اور کھانا کھانے کے قابل ہو جاتا ہے۔

20 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ خشک گھاس اور ایک مٹی کے پیالے کی مدد سے چڑیا کا گھونسلہ بنائیں اور اس میں دو شکر چڑھے ہوئے بادام والے انڈے رکھیں۔ یہ آرٹ کا کام کرنے کے لئے کسی آرٹ ٹیچر کی مدد بھی لی جا سکتی ہے۔ اگر مہیا ہو تو پلاسٹک یا مٹی کی ایک چڑیا بھی ان انڈوں پر بٹھائیں۔ یہ کام گروپس کی شکل میں کروائیں۔

# سیشن 3

10 منٹ

- بچوں سے کتاب کے تیسرا، چوتھا اور پانچواں صفحہ کھولنے کو کہیں۔ پہلے صفحہ کے درخت پر چڑیا کا گھونسلہ جس میں بور ہو کر چڑیا اپنے انڈے کے اوپر بیٹھی ہے۔ درخت پر ایک شریر شکل کی گلہری چڑھ رہی ہے۔ دوسرے صفحہ پر چالاک بندر ایک شاخ پکڑ کر لٹک رہا ہے اور چڑیا کو ستا رہا ہے کیونکہ وہ کسی کا کام کرنا نہیں چاہتا ہے۔ اگلے صفحے پر بڑے سینگوں والا بکرا گانا گاتا ہوا جا رہا ہے۔ ٹیچر پچھلے سیشن کی طرح اس سیشن میں بھی کہانی پہلے خود پڑھ کر سنائیں اور پھر بچوں کو باری باری پڑھنے کا موقع دیں۔(جن بچوں کی باری پچھلی کلاس میں نہیں آئی تھی۔ ان سے ضرور پڑھوائیں۔)

10 منٹ

- ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ آپ کے خیال میں بندر نے چڑیا کی مدد کیوں نہیں کی؟
- بچے مختلف جواب دیں گے۔ (چالاک اور شریر بندر چڑیا کی مدد کرنا نہیں چاہتا۔ اس کو تو چھلانگیں لگانے، پھل توڑ توڑ کر کھانے اور لوگوں کی نقلیں کرنے میں مزہ آتا ہے۔)

25 منٹ

- ٹیچر کلاس میں دو لڑکوں کو بلا کر کہیں کہ بندر کی طرح کلاس میں چھلانگیں لگاؤ اور خو خو کر کے اس کی آواز نکالو۔ اس کے بعد وہ بیٹھ جائیں اور کوئی دو بچیاں آئیں اور وہی نقل کریں۔ بعد میں بچوں سے ہاتھ اٹھوا کر ووٹ لیں۔نقل لڑکیوں نے اچھی کی یا لڑکوں نے۔
- اب ایک لڑکے کو بلائیں اور اس سے کہیں کہ اپنے بازو اوپر کرو۔ بکرے کے سینگ بناؤ اور اس کی آواز نکالتے ہوئے ایک طرف سے دوسری طرف جاؤ۔ اس کے پیچھے پیچھے دو تین اور بچے بھی بکرے بن کر دو منٹ کلاس میں سیر کریں۔ ایسے موقع پر بچوں کو enjoy کرنے دیں مگر نظم وضبط کا خیال رکھا جائے۔ اس کارروائی کے بعد بچوں سے بات چیت کرنے کے انداز میں پوچھیں اور سمجھائیں کہ اگر کوئی مدد مانگے تو اپنی پوری کوشش سے اس کی مدد کرنے کی کوشش کرنا چاہئے۔
- اب ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ کاپیاں کھولیں اور کم از کم دو ایسی باتیں لکھیں جن کو کرنے سے ہم کسی کی مدد کر سکتے ہیں۔ مثلاً:
  کسی بچے یا بوڑھے کو سڑک پار کروانا۔

اگر کوئی لنچ لانا بھول گیا ہے تو اپنے ساتھ اسے Share کروانا۔
گھر میں امی ابو کی کام میں مدد کرنا۔ وغیرہ وغیرہ)

## سیشن 4

| | |
|---|---|
| 15 منٹ | • آج ٹیچر آہستہ آہستہ کہانی پہلے خود پڑھ کر بچوں کو سنائیں۔ پھر بچوں سے باری باری پڑھوائیں۔ پچھلے سیشن میں جو مدد کرنے یا دوسرے کا ساتھ دینے کا ذکر آیا تھا اس کی اہمیت دوبارہ بتائیں۔ |
| 30 منٹ | • بچوں سے کہیں کہ اب تک انہیں کہانی مکمل طور پر سمجھ میں آ گئی ہے۔ ٹیچر باری باری سوالات بورڈ پر لکھیں۔ زبانی جواب پوچھیں۔ پھر بچے یہ کام کاپیوں میں لکھیں۔<br>• ہاتھی کی ڈیوٹی کیا تھی؟<br>• اصل میں وہ کام کس کا تھا؟<br>• جب چڑیا واپس آئی تو ہاتھی کیا کر رہا تھا؟<br>• جب وہ اٹھا تو کیا ہوا؟ انڈے میں سے کیا نکلا؟ |
| گھر کا کام | • بچے گھر میں بڑوں سے بات کریں پھر ان کو کہانی پڑھ کر سنائیں اور جواب پوچھ کر لکھیں کہ کیا چڑیا کے انڈے میں سے چھوٹی سے ہتھنی نکل سکتی ہے؟<br>• (چڑیا کے انڈے میں سے چھوٹی ہتھنی کبھی نہیں نکل سکتی۔ یہ کہانی ایک بس کہانی ہے اسے ہم fantasy بھی کہہ سکتے ہیں۔) |

## سیشن 5

25 منٹ
- کتاب کی پڑھائی ختم ہونے کے بعد بچوں سے کہیں کہ کاپی میں مکمل کہانی اپنے الفاظ میں لکھیں۔ کہیں کہیں کتاب کے الفاظ بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

20 منٹ
- اکثر بچوں نے چڑیا گھر دیکھا ہوگا۔ اس میں پائے جانے والے کسی دس جانوروں کے نام اور ان کی انگریزی لکھیں۔

| الفاظ | انگریزی |
|---|---|
| ہاتھی | Elephant |
| ببر شیر | Lion |
| ہرن | Dear |
| سانپ | Snake |
| چیتا | Cheetah |
| زیبرا | Zebra |
| طوطا | Parrot |
| زرافہ | Giraffe |
| بندر | Monkey |
| لنگور | Chimpanzee |
| بطخ | Duck |
| بن مانس | Gorilla |
| ریچھ | Bear |

# ہاتھی کا انڈا

## ٹیچرز گائیڈ

جملہ حقوق اشاعت : بُک گروپ، کراچی
مطبع : جے۔ ٹی۔ ایس پرنٹرز

ہم Fauji Foundation کے شکرگزار ہیں
جن کے تعاون سے کتاب اور اس کی ٹیچرز گائیڈ شائع ہوئی۔

The Book Group
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 431-0641, 453-8221
e-mail: bookgroup@cyber.net.pk
www.bookgroup.org.pk